چہل حدیث
ثانی اثنین ویلفیئر ٹرسٹ پاکستان

چهل حدیث

1- اَفۡضَلُ الذِّکۡرِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَفۡضَلُ الدُّعَآءِ اَلۡحَمۡدُلِلّٰهِ۔

تمام اذکار میں افضل ذکر لا اله الا الله ہے اور تمام دعاؤں میں افضل دعا الحمد لله ہے۔

2- خَیۡرُکُمۡ مَنۡ تَعَلَّمَ الۡقُرۡاٰنَ وَعَلَّمَهٗ۔

تم میں سب سے بہتر شخص وہ ہے جو قرآن شریف سیکھے اور سکھائے۔

3- فِیۡ فَاتِحَةِ الۡکِتَابِ :شِفَآءٌ مِّنۡ کُلِّ دَاءٍ۔

سورہ فاتحہ میں ہر بیماری سے شفاء ہے۔

4- مَنۡ مَاتَ وَهُوَ یَعۡلَمُ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الۡجَنَّةَ۔

جس شخص کی موت اس حال میں آئے کہ وہ یقین سے جانتا ہو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ جنت میں داخل ہوگا۔

5- اَجِلُّوۡا اللّٰهَ یَغۡفِرۡلَکُمۡ ۔

اللہ تعالیٰ کی عظمت دل میں بٹھاؤ وہ تمہیں بخش دیں گے۔

6- اِنَّمَا الۡاَعۡمَالُ بِالنِّیَّاتِ۔

تمام اعمال کا دارمدار نیتوں پر ہے۔

7- قُلۡ اٰمَنۡتُ بِاللّٰهِ ثُمَّ اسۡتَقِمۡ۔

تو کہہ میں ایمان لایا اللہ پر پھر تو اس بات پر پکا ہو جا۔

8- اَلدُّعَآءُ مُخُّ الۡعِبَادَةِ۔

دعا عبادت کا مغز ہے۔

9- اَلْغِیْبَۃُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا۔

غیبت زنا سے زیادہ سخت ہے۔

10- اَلْحَیَاءُ شُعْبَۃٌ مِّنَ الْاِیْمَانْ۔

حیا ایمان کی ایک شاخ ہے۔

11- اَلْمَجَالِسُ بِا الْاَمَانَۃ۔

مجالس امانتوں سے وابستہ ہیں۔

12- مَا اَنَا عَلَیْہِ وَاَصْحَابِیْ۔

جنت والا راستہ وہ ہے جس پر میں اور میرے صحابہؓ ہیں۔

13- اَنَا خَاتَمَ النَّبِیِّیْنَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ۔

میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

14- اَلْاَنْبِیَاءُ اَحْیَاءٌ فِیْ قُبُوْرِھِمْ یُصَلُّوْن۔

تمام انبیاء اپنی قبروں میں زندہ ہیں نماز پڑھتے ہیں۔

15- عَلَیْکُمْ بِسُنَّتِیْ وَسُنَّۃِ الْخُلَفَآءِ الرَّاشِدِیْنَ الْمَھْدِیِّیْن۔

تمہارے اوپر میری سنت لازم ہے اور خلفاء راشدین کی سنت لازم ہے۔

16- اَصْحَابِیْ کَا النُّجُومِ فَبِاَیِّھِمُ اقْتَدَیْتُمْ اِھْتَدَیْتُمْ۔

میرے صحابہ ستاروں کی مانند ہیں ان میں سے تم جس کی اتباع کرو گے کامیاب ہو جاؤ گے۔

17- اِذَا رَاَیْتُمُ الَّذِیْنَ یَسُبُّوْنَ اَصْحَابِیْ فَقُوْلُوْ لَعْنَۃُ اللّٰہِ عَلٰی شَرِّکُمْ۔

جب تم دیکھو ان لوگوں کو جو میرے صحابہ کو گالیاں دیتے ہیں تو تم کہو کہ تمہارے اس کام پر اللہ کی لعنت ہو۔

18- اَلصَّلٰوۃُ عِمَادُالدِّیۡن۔

نماز دین کا ستون ہے۔

19- اٰیۃُ الۡمُنَافِقِ ثَلاث، اِذَا حَدَّثَ کَذَبَ اِذَا وَعَدَ اَخۡلَفَ وَاِئۡتُمِنَ خَانَ۔

منافق کی تین نشانیاں ہیں، جب بات کرتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے، جب وعدہ کرتا ہے تو خلاف ورزی کرتا ہے، جب اس کے پاس امانت رکھوائی جائے تو خیانت کرے۔

20- رِضَی الرَّبِّ فِیۡ رِضَی الۡوَالِدِ، وَسَخُطُ الرَّبِّ فِیۡ سَخُطِ الۡوَالِدِ۔

رب کی خوشی والد کی خوشی میں ہے، رب کی ناراضگی والد کی ناراضگی میں ہے۔

21- اَلۡجَنَّۃُ تَحۡتَ اَقۡدَامِ الۡاُمَّھَاتِ۔

جنت ماں کے قدموں کے نیچے ہے۔

22- عَمُّ الرَّجُلِ صِنۡوُ اَبِیۡہِ۔

آدمی کا چچا باپ کی مانند ہے۔

23- اُطۡلُبُو الۡعِلۡمَ مِنَ الۡمَھۡدِ اِلَی الَّحۡدِ۔

تم علم حاصل کرو ماں کی گود سے قبر تک۔

24- مَنۡ خَرَجَ فِیۡ طَلَبِ الۡعِلۡمِ کَانَتِ الۡجَنَّۃُ فِیۡ طَلَبِہٖ۔

جو انسان علم کی تلاش میں نکلتا ہے تو جنت اس کی تلاش میں ہو جاتی ہے۔

25- اَلطُّھُوۡرُ شَطۡرُ الۡاِیۡمَانُ۔

پاکی آدھا ایمان ہے۔

26- مَنۡ بَکٰی مِنۡ خَشۡیَۃِ اللّٰہِ حَرَّمَ اللّٰہُ عَلَیۡہِ النَّار۔

جو آدمی اللہ کے خوف سے رو پڑا اس پر جہنم کی آگ حرام ہے۔

27- مَا اَسۡفَلَ مِنَ الۡكَعۡبَيۡنِ مِنَ الۡاِزَارِ فِى النَّارُ۔

ٹخنوں کا جو حصہ پاجامے کے نیچے ہوگا وہ جہنم میں جائے گا۔

28- اِنَّمَا بُعِثۡتُ مُعَلِّمًا۔

مجھے معلم بنا کر بھیجا گیا ہے۔

29- اِنَّمَا بُعِثۡتُ رَحۡمَۃً۔

مجھے رحمت بنا کر بھیجا گیا ہے۔

30- اِنَّمَا بُعِثۡتُ لِاُتَمِّمَ مَكَارِمَ الۡاَخۡلَاقِ۔

مجھے اچھے اخلاق کی تکمیل کے لیے بھیجا گیا ہے۔

31- اَلۡمَرۡءُ مَعَ مَنۡ اَحَبَّ۔

آدمی اسی کے ساتھ ہوگا جس کے ساتھ اس کو محبت ہے۔

32- اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنۡبِ كَمَنۡ لَّا ذَنۡبَ لَهٗ۔

گناہوں سے توبہ کرنے والا ایسا ہے جیسے اس نے گناہ کیے ہی نہیں۔

33- اَلۡمُسۡلِمُ مَنۡ سَلِمَ الۡمُسۡلِمُوۡنَ مِنۡ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ۔

مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھوں سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔

34- مَنۡ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيۡرًا يُّفَقِّهۡهُ فِى الدِّيۡنِ۔

اللہ تعالی جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتے ہیں اس کو دین کی سمجھ عطا فرماتے ہیں۔

35- اِقۡتَدُوۡا بِالَّذِيۡنَ مِنۡ بَعۡدِىۡ اَبِىۡ بَكۡرٍ وَعُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنۡهُ۔

تم اقتدا کرو میرے بعد ابوبکر و عمرؓ کی۔

36- لِكُلِّ نَبِىٍّ رَفِيۡقٌ وَرَفِيۡقِىۡ فِى الۡجَنَّةِ عُثۡمَانُ۔

ہر نبی کا ایک رفیق ہوتا ہے اور میرا رفیق جنت میں عثمانؓ ہے۔

37- مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاہُ۔

جو مجھ محمد ﷺ سے محبت رکھتا ہے پس وہ حضرت علیؓ سے بھی محبت رکھے۔

38- اَللّٰھُمَّ جْعَلْ مُعَاوِیَۃَ ھَادِیًا مَّھْدِیًّہ۔

اے اللہ تو معاویہؓ کو ہدایت دینے والا اور ہدایت یافتہ بنا۔

39- اَلْیَدُ الْعُلْیَا خَیْرٌ مِّنْ یَدِ السُّفْلٰی۔

اوپر والا ہاتھ بہتر ہے نیچے والے ہاتھ سے۔

40- کَلِمَتَانِ حَبِیْبَتَانِ اِلَی الرَّحْمٰنِ خَفِیْفَتَانِ عَلَی اللِّسَانِ ثَقِیْلَتَانِ فِی الْمِیْزَانِ ،
سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ۔

دو کلمے ایسے ہیں جو اللہ تعالیٰ کو بہت محبوب، زبان پر بہت ہلکے اور ترازو میں بہت وزنی ہیں، وہ کلمات سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ ہیں۔

منجانب ☆ ثانی اثنین ویلفیئر ٹرسٹ علیوٹ مری